# ہمارا سمویدھان-ہمارا سوابھیمان مہم

| کلیدی نکات |
| --- |

- **سب سے بڑی آئینی رسائی مہم: ہمارا سمویدھان-ہمارا سمان** مہم نے بے مثال عوامی شرکت کے ساتھ ہندوستان کے آئین کے 75 ویں سال کے موقع پر ملک بھر میں 13,700 سے زیادہ پروگراموں کے ذریعے ایک کروڑ سے زیادہ شہریوں کو متحرک کیا۔
- **گراس روٹس ٹو ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی:** مائی گو کے عہد، کوئز اور تخلیقی مقابلوں کے ذریعے مزید لاکھوں افراد کو شامل کرتے ہوئے 2.5 لاکھ سے زیادہ گرام پنچایتوں، امنگوں والے اضلاع اور دور دراز کی برادریوں تک رسائی کو بڑھایا گیا۔
- **بیداری سے فخر تک:** اس پہل میں قانونی تعلیم، ثقافتی پروگراموں اور شہریوں کی قیادت والے اقدامات کو مربوط کیا گیا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آئینی اقدار کو نہ صرف سمجھا جائے بلکہ ان کی گہرائی سے قدر کی جائے۔

| تعارف |
| --- |

## دِشا

**2021 میں، پانچ سال (2026-2021) کی مدت کے لئے ''ہندوستان میں انصاف تک جامع رسائی کے لیے اختراعی حل ڈیزائن کرنا'' (دیشا) کے عنوان سے ایک جامع، پورے ہندوستان کی اسکیم شروع کی گئی تھی۔ دیشا اسکیم کا مقصد ٹیلی لا، نیائے بندھو (پرو بونو لیگل سروسز) اور قانونی تعلیم اور قانونی بیداری پروگرام کی اسکیم کے ذریعے قانونی خدمات کی آسان، قابل رسائی، سستی اور شہری مرکوز فراہمی کرنا ہے۔**

ہر سال 26 نومبر کو، ہندوستان میں اس دن **یوم آئین (سمویدھان دیوس)** منایا جاتا ہے، جب 1949 میں ہندوستان کا آئین اپنایا گیا تھا۔ آئین 26 جنوری 1950 کو نافذ ہوا، اس دن کو ہندوستان میں یوم جمہوریہ کے طور پر منایا جاتا ہے۔ 75 برسوں سے اس نے انصاف، آزادی، مساوات، بھائی چارے، شہریوں کے حقوق کے تحفظ اور ہندوستان کے جمہوری سفر کی رہنمائی کے اصولوں کو برقرار رکھا ہے۔

بطور جمہوریہ ہندوستان کے 75 ویں سال کی یاد میں اور ہندوستان کے آئین کو اپنانے کے لیے، محکمہ انصاف نے عام لوگوں کے لیے آئین کو آسان بنانے کے لیے '**ہمارا سمویدھان-ہمارا سمان**' (ہمارا آئین، ہمارا اعزاز) کے عنوان سے ایک سال بھر چلنے والی ملک گیر مہم نافذ کی۔

یہ مہم 24 جنوری 2024 کو نائب صدر کی جانب سے ڈاکٹر۔ بی۔ آر۔ امبیڈکر انٹرنیشنل سینٹر، نئی دہلی میں شروع کی گئی اور یہ محض ایک تقریب سے بڑھ کر ایک قومی سطح کی شہری تحریک بن گئی۔ حکومت کی دِشا اسکیم میں مربوط، یہ آئینی خواندگی کو قابل عمل قانونی امداد کے ساتھ جوڑتا ہے۔ شہری پنچ

پر ان کا عہد لے سکتے ہیں، قانونی خواندگی کی ورکشاپس میں شامل ہو سکتے ہیں، اور حقیقی وقت کی قانونی مدد کے لیے ٹیلی لا اور نیائے بندھو خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں، جس سے آئینی نظریات کو زندہ حقوق میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

آئینی اقدار کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کے مقصد سے ایک سال تک جاری رہنے والی مہم کے بعد، ''ہمارا سمویدھان – ہمارا سمان'' 24 جنوری 2025 کو اپنی اگلی منزل، ''ہمارا سمویدھان – ہمارا سوابھیمان'' میں منتقل ہو گئی۔ یہ مہم 2024-2025 کے دوران جاری رفتار کو آگے بڑھاتے ہوئے، آئینی اقدار اور قانونی شعور کے ساتھ عوام کی شمولیت کو مزید مضبوط بنا رہی ہے۔

''سوابھمان'' کا مقصد شہریوں میں فخر اور آئینی شعور کی گہری سمجھ پیدا کرنا ہے۔ یہ پیش رفت قانونی کے تئیں بیداری لانے اور شہریوں کو نہ صرف اپنے حقوق جاننے بلکہ ان پر فخر کرنے کے لیے بااختیار بنانے کے لیے ایک مستقل حکومتی عزم کی نشاندہی کرتی ہے۔

**مہم کے مقاصد میں شامل ہیں:**


*عوامی شعور میں بھارت کے آئین کے لیے ایک بصری نشان قائم کرنا۔

*ہندوستان کے آئین کے بارے میں آگاہی بڑھانا۔

* عوامی سطح پر اس عظیم محنت کو پیش کرنا جو آئین کی تشکیل میں صرف ہوئی۔

*ہندوستان کے لوگوں میں آئین پر فخر کا احساس پیدا کرنا۔

پورے ہندوستان میں 13,700 سے زیادہ تقریبات کے انعقاد اور 1 کروڑ سے زیادہ شہریوں کی شرکت کے ساتھ، یہ پہل شہریوں میں قانونی شعور اور فخر کا جذبہ پیدا کرتی ہے۔




یہ اقدام صرف ایک یادگار تقریب تک محدود نہیں بلکہ ہر بھارتی کو **2047 تک ترقی یافتہ بھارت** کے وژن کو تشکیل دینے میں فعال طور پر حصہ لینے کے لیے ایک محرک بن چکا ہے۔

**اس قومی مہم کو تین اہم ذیلی مہمات کے ذریعے عملی جامہ پہنایا گیا:**

**سب کو نیائے-ہر گھر نیائے:** سماجی و اقتصادی پس منظر سے قطع نظر سب کے لئے انصاف کو یقینی بنانا۔

**نو بھارت نو سنکلپ:** اختراعی خیالات اور نئے عزم سے تقویت یافتہ ایک نئے ہندوستان کا عہد۔

**ودھی جاگرتی ابھیان:** عوامی سطح پر اور تعلیمی اقدامات کے ذریعے قانونی شعور اور آگاہی کو فروغ دینا۔




## سب کو نیائے، ہر گھر نیائے

یہ مہم اس بات کو یقینی بنانے پر مرکوز تھی کہ انصاف ہر سطح پر قابل اور سب کے لئے قابل رسائی ہو۔ یہ عدالتوں، قانونی امدادی خدمات، یا اصلاحات کے ذریعے انصاف کے حصول کے لیے ہندوستان کے شہریوں کے لیے دستیاب قانونی طریقہ کار کے بارے میں بیداری کو فروغ دیتا ہے، جس کا مقصد پورے ہندوستان میں قانونی اداروں کی رسائی کو بہتر بنانا ہے۔

محکمہ کے مختلف اقدامات کے بارے میں بیداری لانے اور ہر شہری میں فرض کا احساس پیدا کرنے کے لیے، سب کو نیائے، ہر گھر نیائے نے شہریوں میں بیداری پیدا کرنے کے لئے تین اختراعی اقدامات متعارف کرائے:

## سب کو نیائے: پنچ پرن کا عہد

پنچ پران عہد میں مندرجہ ذیل نکات شامل ہیں:


**ترقی پسند ملک کا قیام**

**غلامانہ ذہنیت کا خاتمہ**

**اپنی روایات پر فخر**

**اتحاد اور سالمیت کیلئے عزم**

## تمام شہریوں میں ذمہ داری کا شعور بیدار کرنا




شہری مائی گو وپورٹل پر جا کر حلف لے سکتے ہیں اور اسے پڑھنے کے بعد ای- سرٹیفکیٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

عوام میں آگاہی پیدا کرنے اور انہیں متاثر کرنے کے لئے، کیو آر کوڈز لگائے گئے جو مائی گو وپلیٹ فارم کی مہم کے صفحے سے منسلک تھے۔ یہ کوڈز سوشل میڈیا اور واٹس ایپ گروپس میں بھی شیئر کیے گئے تھے۔ 2.5 لاکھ سے زیادہ گرام پنچایتوں کی نمائندگی کرنے والے دیہی سطح کے کاروباریوں (وی ایل ای) نے لوگوں سے اس تحریک کو دیہی سطح تک پھیلانے کے لیے عہد لینے کی اپیل کی۔

## نیائے سیوا میلا: ریاستی سطح کا قانونی خدمات میلہ

نیائے سیوا میلہ ایک ریاستی سطح کی ورکشاپ/میلہ ہے اور اس کا انعقاد 25 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں کیا گیا۔ ڈی ایل ایس اے/ایس ایل ایس اے/لاء اسکولوں کے لیگل ایڈ کلینکس نے ورکشاپ میں حصہ لیا جس نے محکمہ انصاف کی ریاستی اسکیموں اور پروگراموں کی گفتگو کی حوصلہ افزائی کی۔

میلے میں متعلقہ ریاستوں کی علاقائی زبان میں وائس آف بینیفشریز کے چوتھے ایڈیشن، ٹیلی لا اسٹیٹ پر وفائل بکلیٹ اور فیلڈ فنکشنریز کا اجرا کیا گیا۔ ہر ریاست میں ایک ورکشاپ بھی منعقد کی گئی جو مقامی آبادی تک پہنچی اور ٹیلی لا سروس اور 'ہمارا سمویدھان، ہمارا سمان' مہم کے بارے میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو آگاہ کیا۔

میلوں کے بعد سوشل میڈیا اور نیوز چینلز پر بڑے پیمانے پر تشہیر کی گئی جس میں پرنٹ اور ڈیجیٹل میڈیا دونوں شامل تھے اور یہ پورے ہندوستان میں 84,65,651 سے زیادہ شہریوں تک پہنچا۔

## نیائے سہایک: کمیونٹی پر مبنی قانونی پیغام رساں

نیائے سہایک وہ قانونی پیغام رساں ہیں جو مقامی بلاکوں اور اضلاع میں محکمہ انصاف کی طرف سے پیش کردہ قانونی خدمات اور حل کے بارے میں گھر گھر بیداری فراہم کرتے ہیں۔

نیائے سہایک کو مطلوبہ مقصد کو پورا کرنے کے لیے حوالہ جاتی وجوہات کی بنا پر الگ الگ شناختی کارڈ دیے گئے تھے۔

مستفیدین کو قانون کے بارے میں تعلیم دینے کے علاوہ، نیائے سہایک نے 14,598 سے زیادہ کیسیز درج کیے۔ نیائے سہائکوں کے قابل تعریف کام کے ساتھ ساتھ بلاک سطح کے افسران کی ہدایت پر گاؤں یا بلاک سطح پر قانون کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے ''ودھی بیٹھک'' اجلاس منعقد کیے گئے۔

آنگن واڑی کارکنان، پنچایت سمیتی/گرام سبھا، اسکول مینجمنٹ کمیٹیاں، سیلف ہیلپ گروپس، اور چلڈرن/آبزوران مختلف شعبوں کے گروپوں میں شامل تھے جنہوں نے مختلف مقامات پر ماہانہ منعقد ہونے والی پانچ بیٹھکوں میں حصہ لیا۔








## نوبھارت نوسنکلپ

نوبھارت نوسنکلپ مہم مائی گو پلیٹ فارم کے ذریعے شہریوں، خاص طور پر نوجوانوں میں پنچ پران کے اصولوں اور آئین کے بارے میں بیداری کو فروغ دینے کے لیے بنائی گئی ایک پہل ہے۔ اس مہم میں چار انٹرایکٹیو سرگرمیاں شامل ہیں:




**ودھی جاگرتی ابھیان**

ودھی جاگرتی ابھیان کا مقصد لوگوں کو، خاص طور پر دیہی اور پسماندہ علاقوں میں، ان کے قانونی حقوق اور ان تک رسائی کے ذرائع کے بارے میں تعلیم دینا ہے۔ یہ مہم قانون کے تحت شہریوں کے مختلف حقوق کے بارے میں وسیع پیمانے پر بیداری پیدا کرنے کی کوشش کرتی ہے، جس میں سماجی بہبود کے فوائد، مثبت ایکشن پالیسیاں، اور پسماندہ برادریوں کے لیے قانونی تحفظ شامل ہیں۔

**یہ ذیلی مہم تین تبدیلی لانے والے اقدامات پر مشتمل ہے:**




**گرام ودھی چیتنا:** طلباء نے کئی گاؤں میں قانونی بیداری سرگرمیاں منعقد کیں اور یقینی بنایا کہ عوامی سطح پر شہریوں کی شرکت ہو۔ اس پہل میں 10,000 سے زیادہ مستفیدین کی نمایاں رسائی دیکھی گئی۔







**ونچت ورگ سمان ابھیان:** اس پہل کے ذریعے محکمہ نے اگنو اور دوردرشن کے ساتھ مل کر مختلف پسماندہ گروہوں کے حقوق کا احاطہ کرتے ہوئے آن لائن ورکشاپس/ویبینار منعقد کیے۔

**ونچت ورگ سمان ابھیان کے تحت، درج ذیل 7 موضوعات پر توجہ دی گئی:**

* حقوق کا احترام (بچے، خواتین، معذور افراد، ایس سی، ٹرانسجینڈر اور بزرگ شہری)

* دیکھ بھال اور تحفظ کے محتاج بچے

* معذور افراد کی سماجی شمولیت

* شیڈول کاسٹ کے لئے سماجی تحفظ کی اسکیمیں

* خواجہ سراؤں کے لئے جامع سماجی بہبود کی اسکیم

* بزرگ شہریوں کو قانونی امداد اور آگاہی

**ناری بھاگیداری:** اس پہل میں، صنفی بنیاد پر مسائل کو حل کرنے والی آن لائن ورکشاپس/ویبینارز کا انعقاد وسیع تر بیداری کے لیے کیا گیا، جس سے معاشرے کے متنوع طبقات میں قانونی شعور کی نشوونما ہوئی اور شہریوں کو علم کے ساتھ بااختیار بنایا گیا۔

گاؤں کی سطح پر مختلف پروگراموں کا انعقاد کرنے والی ایجنسیوں جیسے نیشنل لا اسکول آف انڈیا یونیورسٹی، بنگلورو، کرناٹک، وویکانند انسٹی ٹیوٹ آف پروفیشنل اسٹڈیز، نیشنل لا یونیورسٹی، دہلی وغیرہ کے ذریعے کیا گیا، جن میں خواتین کے خلاف تشدد کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی۔

**قابل ذکر ایونٹ اور سنگ میل**

24 جنوری 2024 کو مہم کے آغاز کے بعد، مہم کی مرکزی رسائی کو یقینی بنانے کیلئے چار علاقائی تقریبات منعقد کی گئیں۔

**بیکانیر (راجستھان)-9 مارچ 2024**

9 مارچ 2024 کو وزارت قانون وانصاف نے مہاراجہ گنگا سنگھ یونیورسٹی، بیکانیر، راجستھان میں ’’ہمارا سمودھان - ہمارا سمان‘‘ مہم کی پہلی علاقائی تقریب کا انعقاد کیا۔




اس تقریب میں عوامی سطح پر قانونی خدمات کو فروغ دینے کیلئے اختراعات پیش کی گئیں، جن میں ہندوستان کے 500 امنگوں والے بلاکوں کے لئے "نیا ئے سہایک" پہل شامل ہے۔ ٹیلی لا پروگرام کی توسیع اور رسائی کو مدنظر رکھتے ہوئے، اس تقریب میں راجستھان کی ریاستی کتابچہ اور مستفیدین کی آوازوں کا خواتین کیلئے خصوصی ایڈیشن بھی پیش کیا گیا۔

اس تقریب میں 900 شرکاء نے شرکت کی، جن میں مختلف شعبوں کے نمائندے شامل تھے، جن میں بار ایسوسی ایشن، جوڈیشل افسران، ایڈوکیٹس اور فیلڈ سطح کے ٹیلی لا پروگرام کے عہدیدار شامل تھے۔

## پریاگ راج (اتر پردیش)-16 جولائی 2024


'ہمارا سمویدھان۔ ہمارا سمان' مہم کا دوسرا علاقائی پروگرام 16 جولائی 2024 کو پریاگ راج کے الہ آباد میڈیکل ایسوسی ایشن کنونشن سینٹر میں منعقد کیا گیا تھا۔



اس تاریخی موقع پر ،''ہمارا سمویدھان۔ہمارا سمان'' پورٹل کا آغاز کیا گیا، جس کا تصور ایک جامع ڈیجیٹل نالج اسٹیشن کے طور پر کیا گیا ہے جو شہریوں کو ان کے بنیادی حقوق، فرائض اور آئینی تحفظات کے بارے میں قابل رسائی وسائل فراہم کرتا ہے۔ تقریبا800 شرکاء نے ذاتی طور پر اور ڈیجیٹل طور پر اس تقریب میں شرکت کی۔

## گوہاٹی(آسام)-19نومبر2024

مہم کی تیسری علاقائی قسط 19 نومبر 2024 کو آئی آئی ٹی گوہاٹی آڈیٹوریم میں ہوئی، جس کا اہتمام وزارت قانون وانصاف کے تحت محکمہ انصاف نے کیا۔ اس تقریب میں تین مصنوعات - پوڈکاسٹ، مزاحیہ کتابیں، اور سمویدھن کتھ کی لانچنگ متعارف کرائی گئی۔




**سمویدھان کتھ میگزین**، جس میں 75 کہانیاں شامل کی گئی ہیں جو روزمرہ کی زندگی میں ہندوستانی آئین کے اثرات کی عکاسی کرتی ہیں۔

تقریب کے دوران ایک کامک بک کی نقاب کشائی کی گئی، جس میں 10 مستفیدین کی حقیقی زندگی کی کہانیاں پیش کی گئیں جنہوں نے اپنے آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے ٹیلی لا اور نیائے بندھو پروگراموں کا استعمال کیا ہے۔

اس کے علاوہ، آٹھ پوڈکاسٹ جاری کیے گئے، جن میں شہریوں کو ان کے حقوق کے تحفظ میں مدد کرنے میں ٹیلی لا اور نیائے بندھو پروگراموں کے کردار پر توجہ مرکوز کی گئی۔

**اس تقریب میں تقریبا1400 شرکاء نے شرکت کی۔**

## کمبھ (پریاگ راج، اترپردیش)-24 جنوری 2025

سال بھر چلنے والی یہ مہم 24 جنوری 2025 کو پرمرتھ تریوینی پشپ، اَریل گھاٹ، پریاگ راج میں مہا کمبھ میلے کے دوران اپنے اختتامی پروگرام تک پہنچی، جو ''ہمارا سمویدھان - ہمارا سمان ''کا چوتھا علاقائی پروگرام ہے۔



اس تقریب میں ہمارا سمویدھان - ہمارا سمان مہم پر ایک اچیومنٹ بکلیٹ کا اجرا کیا گیا، جس میں سال بھر چلنے والی مہم کی کامیابیوں کو اجاگر کیا گیا۔ تقریب میں معزز جج صاحبان، اسکالرز اور سی ایس سی کے عہدیداروں سمیت تقریباً 2000 شرکاء نے شرکت کی۔ اس تقریب کو قومی سطح پر بھی براہ راست نشر کیا گیا، جس سے اس کی نمائش میں اضافہ ہوا اور بیداری، اتحاد اور شراکت دار جمہوریت پر زور دیتے ہوئے کامیابیوں کے جشن اور آئینی اقدار کی مؤثر توثیق دونوں کے طور پر کام کیا۔

**اختتامیہ**

ہمارا سمویدھان - ہمارا سمان مہم، اور اس کے بعد کی ہمارا سمویدھان - ہمارا سوابھمان مہم ہندوستان میں سب سے وسیع آئینی رسائی کے اقدامات میں سے ایک کی نمائندگی کرتی ہے۔ انصاف، آزادی، مساوات اور برادری کے اقدار کو فروغ دیتے ہوئے، یہ مہم صرف رسمی تقریب تک محدود نہیں رہی بلکہ آئین اور اس کے اصولوں کے ساتھ پائیدار، جڑوں سے متعلق عوامی رابطہ پیدا کی ہے۔

ایک سال کے دوران، اس مہم نے ملک بھر میں 13,700 سے زیادہ پروگراموں کے ذریعے ایک کروڑ سے زیادہ شہریوں کو متحرک کیا، جس میں متنوع عوامی آگاہی اقدامات کے ذریعے جیسے عہد، تخلیقی مقابلے، قانونی امداد میلے، بیداری ورکشاپس اور ڈیجیٹل پلیٹ فارم شامل ہیں۔ علاقائی تقریبات، پسماندہ برادریوں اور نوجوانوں پر جان بوجھ کر توجہ مرکوز کرنے سے اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ مہم کا اثر جامع اور پائیدار دونوں تھا۔ سوابھمان مرحلے میں

بلا رکاوٹ منتقلی حکومت کے ارادے کا اشارہ ہے کہ وہ نہ صرف شہریوں کو ان کے آئینی حقوق اور فرائض سے آگاہ کرے گی بلکہ اس دستاویز میں پائیدار فخر پیدا کرے گی جو ہندوستان کی جمہوری اخلاقیات کا تحفظ کرتی ہے۔

مہم کے ''سوابھیمان'' مرحلے میں بغیر رکاوٹ منتقلی حکومت کے اس ارادے کو ظاہر کرتا ہے کہ وہ نہ صرف شہریوں کو ان کے آئینی حقوق اور فرائض سے آگاہ کرے، بلکہ اس دستاویز کے بارے میں ان میں فخر اور اعتماد پیدا کرے جس نے بھارت کے آئینی کردار کو محفوظ رکھا ہے۔

***

ش ح۔ ک ا۔

U.NO.1767

# Social Welfare

## Hamara Samvidhan- Hamara Swabhiman Campaign

**(Backgrounder ID: 156184)**